متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر اور تحریک پاکستان کے کارکن شیخ لیاقت حسین طویل علالت کے باعث انتقال کر گئے

شیخ لیاقت حسین مرحوم کی عمر 80 سال تھی، وہ کافی عرصہ سے علیل تھے اور اپنی ایک عزیزہ ڈاکٹر سلمہ کے ہاں رہائش پذیر تھے جنہوں نے آخری وقت تک مرحوم کی تیمارداری کی

شیخ لیاقت حسین 1997ء میں قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر رہتے، مرحوم کے پسماندگان میں دو بیٹے شامل ہیں

کراچی۔۔۔23 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر اور تحریک پاکستان کے کارکن شیخ لیاقت حسین طویل علالت کے باعث بدھ کی شب انتقال کر گئے۔(انا للہ وانا الیہ راجعون) شیخ لیاقت حسین مرحوم کی عمر 80 سال تھی۔ وہ کافی عرصہ سے علیل تھے اور اپنی ایک عزیزہ ڈاکٹر سلمہ کے ہاں رہائش پذیر تھے جنہوں نے آخری وقت تک مرحوم کی تیمارداری کی۔ شیخ لیاقت حسین مرحوم کافی عرصہ تک اسپتال میں زیر علاج بھی رہے جسکے بعد وہ گھر پر منتقل ہو گئے تھے۔ بدھ کی شب ان کی طبیعت مزید بگڑ گئی۔ انہیں فوری طور پر گلستان جوہر میں قائم اسپتال دارالصحت لے جایا گیا لیکن راستے ہی میں ان کا انتقال ہو گیا۔ انتقال کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی اور ایم کیو ایم کے مختلف شعبوں کے ذمہ داران وکارکنان دارالصحت اسپتال پہنچ گئے اور مرحوم کے لواحقین سے تعزیت کی۔ شیخ لیاقت حسین مرحوم کی اہلیہ محترمہ محمودہ سلطانہ کا پہلے ہی انتقال ہو چکا ہے۔ مرحوم کے پسماندگان میں دو بیٹے شامل ہیں۔ شیخ لیاقت حسین مرحوم نے ایم کیو ایم کے خلاف آپریشن کے دور میں 1994ء میں لندن میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کے بعد ایم کیو ایم میں باقاعدہ شمولیت اختیار کی تھی جس کے بعد وہ ایم کیو ایم میں انتہائی سرگرم تھے جس پر انہیں ایم کیو ایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی میں شامل کر لیا گیا۔ 1997ء میں وہ ایم کیو ایم کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر مقرر ہوئے۔ تنظیمی خدمات پر وہ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر مقرر ہوئے۔ تنظیمی فرائض کے ساتھ ساتھ وہ ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر بھی مقرر ہوئے اور اپنی ضعیف العمری اور خرابی صحت کے باوجود وہ تنظیمی اور فلاحی سرگرمیوں میں رات دن مصروف رہے۔ شیخ لیاقت حسین کے انتقال کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے نائن زیرو فون کر کے رابطہ کمیٹی سے تعزیت کی اور ان کیلئے دعائے مغفرت کی۔

☆☆☆☆☆

شیخ لیاقت حسین کے انتقال سے ایم کیوایم اپنے ایک بزرگ رہنما سے محروم ہوگئی ہے۔الطاف حسین

شیخ لیاقت حسین مرحوم نے اپنی ضعیف العمری کے باوجود تحریک کیلئے جوخدمات انجام دی ہیں وہ فراموش نہیں کی جاسکتیں

شیخ لیاقت حسین کے انتقال پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار،ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی،تمام اراکین رابطہ کمیٹی،تمام حق پرست نمائندوں اورایم کیوایم کے تمام تنظیمی شعبہ جات کے ارکان کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔23 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور بزرگ رہنما شیخ لیاقت حسین کے انتقال پر دلی صدمہ اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شیخ لیاقت حسین کے انتقال سے ایم کیوایم اپنے ایک بزرگ رہنما سے محروم ہوگئی ہے۔انہوں نے کہا کہ شیخ لیاقت حسین مرحوم نے اپنی ضعیف العمری کے باوجود تحریک کیلئے جوخدمات انجام دی ہیں وہ فراموش نہیں کی جاسکتیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شیخ لیاقت حسین مرحوم کی مغفرت فرمائے ،مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اوران کے پسماندگان کوصبرجمیل عطا کرے۔

دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار،ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی،تمام اراکین رابطہ کمیٹی،تمام حق پرست نمائندوں اورایم کیوایم کے تمام تنظیمی شعبہ جات کے ارکان نے بھی شیخ لیاقت حسین مرحوم کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ شیخ لیاقت حسین مرحوم کی مغفرت فرمائے اورمرحوم کواپنی جواررحمت میں جگہ دے۔

☆☆☆☆☆